بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

پریس ریلیز 19/19

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا نے تعلیمی سیشن 2021-2019 کیلئے نئے الحاق کے خواہش منداور پہلے سے الحاق شدہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں سے مکمل درخواستیں جمع کروانے کیلئے درج ذیل شیڈول مقرر کیا ہے۔

1۔	بغیر لیٹ فیس آخری تاریخ	14-05-2019
2۔	مبلغ -/1000 روپے جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ	14-06-2019
3۔	سیریل نمبر 2 پر درج جرمانہ +500 روپے ماہوار جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ	14-11-2019

الحاق کے خواہش مند نئے ادارہ جات کتابچہ ہدایات برائے الحاق بورڈ ہذا کے شعبہ "ون ونڈو آپریشن" سے دفتری اوقات کار میں حبیب بینک لمٹیڈ، بورڈ کیمپس برانچ، گوجرانوالہ میں مبلغ -/500 روپے جمع کروا کر اصل بینک چالان مہیا کرنے پر حاصل کر سکتے ہیں نیز کتابچہ ہدایات برائے الحاق بورڈ کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے ایسی صورت میں حبیب بینک لمٹیڈ، بورڈ کیمپس، گوجرانوالہ میں مبلغ -/500 روپے جمع کروا کر اصل بینک چالان درخواست کیساتھ منسلک کرنا ہوگا۔ مزید یہ کہ آپ مقررہ شیڈول کے اندر اندر اپنے ادارہ کے نئے الحاق/توسیع الحاق کی ہر لحاظ سے مکمل درخواست بورڈ کی ویب سائٹ "Institutes.bisegrw.com" پر آن لائن کر کے اس کی ہارڈ کاپی دفتری مروجہ طریقہ کار کے مطابق جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی متعلقہ ضلع/جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ کے توسط سے جمع کروائیں/ارسال کریں۔ یاد رہے کہ نامکمل اور مقررہ شیڈول کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر ہرگز غور نہیں کیا جائے گا۔ مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ قوانین کے مطابق ادارہ کا الحاق حاصل کیے بغیر طلباء/طالبات کو ادارہ میں داخل نہیں کیا جاسکتا۔ ایسا کرنے کی صورت میں ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔

Result.pk

۔دستخط۔

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع

1. جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
2. جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ
3. جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز (DEA)، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، نارووال، منڈی بہاؤالدین اور حافظ آباد
4. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
5. داخلی تقسیم

18/3/19

اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)

مورخہ: 18-03-2019